جب دو مسلمان آپس میں ملتے ہیں اور مصافحہ کرتے ہیں، تو ان کے الگ ہونے سے پہلے پہلے ان کو بخش دیا جاتا ہے"

براء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا ہے: "جب دو مسلمان آپس میں ملتے ہیں اور مصافحہ کرتے ہیں، تو ان کے الگ ہونے سے پہلے پہلے ان کو بخش دیا جاتا ہے"
[صحيح بمجموع طرقه] [رواه أبو داود والترمذي وابن ماجه وأحمد]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے بتایا کہ جب دو مسلمان کسی راستے وغیرہ میں ملتے ہیں، وہ ایک دوسرے کو سلام کرتے ہیں مصافحہ کرتے ہوئے، تو دونوں کے الگ ہونے سے پہلے پہلے ان کے گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں یاد رہے کہ یہاں الگ ہونے سے مراد جسمانی طور پر الگ ہونا بھی ہو سکتا ہے اور مصافحہ سے فارغ ہونا بھی

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/6257